تبصرہ کتب

بریگیڈئر ڈاکٹر قاری فیوض الرحمان'
ابو طیب' مولانا محمد ابراہیم فانی

کتاب : شفاء الغلیل قصائد الجمیل مع قصد السبیل

مصنف : علامہ سید عبد الجمیل بن العلامہ عبد الجلیل

ضخامت : 106 صفحات۔ ناشر : علامہ سید عبد الجمیل بن العلامہ عبد الجلیل

یہ دراصل علامہ سید عبد الجمیل بن العلامہ عبد الجلیل یوسف آباد عمرزئی چارسدہ کا عربی دیوان ہے۔ دیوان کے شروع میں مصنف ہی کے قلم سے ایک مقدمہ اور خود ان کا سوانحی تذکرہ بھی عربی زبان میں تحریر ہے۔ آخر میں مشکل الفاظ کی شرح بھی ہے۔ علمائے سرحد میں علامہ موصوف تیسرے عالم دین ہیں جن کا ایک سو چھ صفحات میں "دیوان عربی" چھپ کر منظر عام پر آیا ہے۔ پہلا دیوان راقم الحروف کی سعی سے دیر کے ایک بزرگ اور مدرس عالم دین مولانا نقیب احمد بن شریف احمد کا دیوان کئی سال پہلے "دیوان نقیب احمد" کے نام سے لاہور سے چھپ کر تحسین حاصل کر چکا ہے۔ دوسرا بڑا دیوان مولانا موصوف کے استاد محدث العصر علامہ سید محمد یوسف البنوری کا بنام "قصائد البنوریہ" منظر عام پر آچکا ہے۔

اس دیوان میں مدحیہ قصائد بھی ہیں مراثی بھی' حمد و نعت بھی ہے اور تہنیئت بھی۔ یہ بڑا ہی پیارا عربی دیوان ہے۔ علمائے کرام اور طلبہ کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ مولانا کے گھر کے پتہ پر دستیاب ہے اس کی اشاعت کے سلسلہ میں بھی راقم الحروف کی کوششیں شامل ہیں۔

قارئین "الحق" ایک تیسرے دیوان عربی "فیوض اللطافۃ" کی خوشخبری سے بھی یقیناً خوش ہونگے یہ مولانا لطافت الرحمان صاحب سواتی کا عربی دیوان ہے جو جلد ہی راقم الحروف کی ترتیب سے منظر عام پر آرہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ان بزرگوں کی کوششوں کو بار آور بنائیں اور طبقہ ء علماء کو ان سے بھرپور استفادہ کی توفیق بخشیں۔ آمین ---------- 'قاری فیوض الرحمان'